نفاذ کی تاریخ: 1 جنوری، 2020

# NYC Health + Hospitals
# رازداری کے طرز عمل کا نوٹس

**رازداری کے طرز عمل کا نوٹس ("NPP") بیان کرتا ہے کہ آپ کے بارے میں طبی معلومات کو کیسے استعمال اور افشاء کیا جا سکتا ہے اور آپ ان معلومات تک کیسے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔**
**براہِ کرم اس کا بغور جائزہ لیں۔**

## تعارف اور معلومات

New York City Health and Hospitals Corporation جو اپنا کاروبار بطور NYC Health + Hospitals (جس کا حوالہ بطور "سسٹم" بھی دیا جاتا ہے)، اسے وفاقی قانون، خصوصاً صحت کی انشورنس کی منتقل پذیری اور احتساب کے قانون 1996 ("HIPAA") کے تحت آپ کی صحت سے متعلقہ محفوظ کردہ معلومات کی رازداری کو برقرار رکھنا لازم ہے، جس میں اس کے اپنے قانونی فرائض کے بارے میں آپ کو اطلاع دینا اور آپ کے بارے میں جمع کردہ معلومات کی تفصیل، ان معلومات کا کن لوگوں کے ساتھ اشتراک کیا جا سکتا ہے، اور آپ کے حقوق کی معلومات شامل ہیں۔ یہ NPP صحت کی انشورنس کی منتقل پذیری اور احتساب کے قانون (HIPAA) کے تحت آپ کی صحت کی معلومات کے حوالے سے آپ کی رازداری کے تحفظ اور دیگر حقوق کی وضاحت کرتا ہے۔ اس NPP میں غیر بیان شدہ اضافی تحفظات اور حقوق بھی آپ دیگر وفاقی قوانین اور/یا ریاستی قانون کے تحت حاصل کر سکتے ہیں۔

اس NPP میں بیان کردہ "صحت کی معلومات" کی اصطلاح کسی بھی ایسی انفرادی قابلِ شناخت معلومات کا حوالہ دیتی ہے جو سسٹم کے ذریعے تخلیق، وصول، برقرار یا منتقل کردہ ہو اور جس کا تعلق آپ کی صحت کی نگہداشت اور علاج، اور اس نگہداشت اور علاج کی ادائیگی سے ہو۔ اس NPP میں غیر بیان شدہ رازداری کی خصوصی حفاظتیں HIV سے متعلقہ صحت کی معلومات، منشیات کی عادت کے باعث طبیعت کی خرابی کی معلومات، ذہنی صحت کی معلومات، اور موروثی یا موروثی جانچ کی معلومات پر لاگو ہو سکتے ہیں۔

یہ NPP رازداری کے ایسے طرز عمل کی وضاحت کرتا ہے، جس پر تمام NYC Health + Hospitals کی سہولیات، یونٹس اور اداروں، بشمول فوری اور مختصر المیعاد نگہداشت کے تمام ہسپتال اور وابستہ کلینک؛ تمام Gotham Health کی تشخیص اور علاج کے مراکز اور وابستہ اضافی کلینک؛ تمام طویل المیعاد سنگین نگہداشت کے مراکز اور ماہر نرسنگ کی سہولیات؛ اور تمام گھریلو اور کمیونٹی پر مبنی خدمات اور پروگرامز میں عمل درآمد کیا جانا چاہیے۔

NYC Health + Hospitals اس NPP پر نظرِثانی کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ NYC Health + Hospitals نظرثانی یا تبدیل شدہ NPP کو پہلے سے برقرار رکھی گئی صحت کی معلومات، نیز مستقبل میں صحت سے متعلقہ کسی بھی معلومات کے لیے لاگو کر سکتا ہے۔ NYC Health + Hospitals حالیہ NPP کی ایک نقل (نفاذ کی تاریخ کے ساتھ) کو اپنے مراکز، یونٹس، اور اداروں میں نمایاں مقامات پر آویزاں کرے گا، اور اس کے علاوہ عوامی ویب سائٹ پر رکھے گا۔

## علاج، ادائیگی اور صحت کی نگہداشت کے افعال کے لیے صحت کی معلومات کا استعمال اور افشائیگی

**علاج۔** آپ کو طبی علاج، نگہداشت یا خدمات فراہم کرنے کے لیے، سسٹم آپ کی صحت کی معلومات استعمال اور افشاء کر سکتا ہے اور نگہداشت کے اس عمل میں شامل صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندگان یا عملے کے دیگر افراد پر آپ کی صحت کی معلومات ظاہر کر سکتا ہے۔ آپ کو درکار صحت کی نگہداشت کی مختلف خدمات سے رابطے کے لیے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بھی آپ کی صحت کی معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں، جیسے کہ نسخے، لیب کی سرگرمی، اور ایکسریز کے لیے۔ حسبِ ضرورت، سسٹم آپ کی صحت کی معلومات ان افراد کو بھی افشاء کر سکتا ہے جو ہو سکتا ہے کہ سسٹم میں موجود نہ ہوں لیکن آپ کی نگہداشت کے عمل میں شامل ہوں۔ *مثال کے طور پر: آپ کی ٹوٹی ٹانگ کا علاج کرنے والے معالج کو دوسرے معالج سے یہ دریافت کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے کہ آیا آپ کو ذیابیطس تو نہیں، کیونکہ ذیابیطس زخم مندمل ہونے کے عمل کو سست رفتار بنا سکتا ہے اور انہیں موزوں خدمات کا انتظام کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔*

**ادائیگی۔** آپ کی صحت کی نگہداشت اور علاج کی خدمات کے عوض ادائیگی وصول کرنے کے لیے، سسٹم آپ کی صحت کی معلومات استعمال اور ظاہر کر سکتا ہے۔ سسٹم آپ کو دیے جانے والے علاج اور معالجاتی طریقۂ کار کے بارے میں آپ کے صحت کے پلان کو آگاہ کرنے کے لیے آپ کی صحت کی معلومات استعمال اور افشاء کر سکتا ہے تا کہ پیشگی منظوری حاصل کی جائے یا اس بات کا تعین کیا جا سکے کہ آیا آپ کا پلان اس کا احاطہ کرتا ہے یا نہیں۔ جس نگہداشت یا خدمات کے لیے آپ خود مکمل اخراجات کی ادائیگی کرتے ہیں ان کے حوالے سے آپ یہ درخواست کرسکتے ہیں کہ سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کا، قانون کی اجازت یافتہ حد تک، آپ کی بیمہ کمپنی کے ساتھ اشتراک محدود کر دے۔ *مثال کے طور پر: آپ کی جانب سے NYC Health + Hospitals میں حاصل کردہ سرجری کے طریقۂ علاج کے بارے میں سسٹم کو آپ کے صحت کے پلان کو معلومات دینے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے، تاکہ آپ کا صحت کا پلان اس طریقۂ علاج کے لیے سسٹم کو ادائیگی کرے یا آپ کو رقم واپس کرے۔*

**صحت کی نگہداشت کے افعال۔** روزمرہ بنیادوں پر انجام دیے جانے والے افعال کے لیے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ NYC Health + Hospitals کے مریض معیاری نگہداشت حاصل کریں، سسٹم صحت کی معلومات کا استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔ فراہم کردہ خدمات کی تاثیر اور ضرورت کے تعین کے لیے سسٹم شماریاتی عمل یا تجزیے کی خاطر بہت سے مریضوں کی صحت کی معلومات کو یکجا بھی کر سکتا ہے۔ حسبِ ضرورت، معاہدے کے حامل اکاؤنٹینٹس، مشیران اور مختلف پروگرامز، اداروں اور مراکز کے افعال میں معاونت کرنے والے دیگر پیشہ ور افراد کو، سسٹم صحت کی معلومات افشاء کر سکتا ہے۔ *مثال کے طور پر: فراہم کردہ علاج اور خدمات کے معیار کے جائزے کے لیے سسٹم آپ کی صحت کی معلومات استعمال کر سکتا ہے۔*

**طے شدہ ملاقات کی یاد دہانیاں۔** مرکز، یونٹ یا ادارے میں آپ کی طے شدہ ملاقات کی یاد دہانیوں کے لیے سسٹم آپ سے رابطے کے لیے آپ کی صحت کی معلومات استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔

**<u>اجازت درکار ہونے پر صحت کی معلومات کے استعمالات اور افشائیگیاں</u>**

NYC Health + Hospitals کو درج ذیل صورتوں میں آپ کی صحت کی معلومات استعمال یا ظاہر کرنے سے پہلے آپ کی تحریری اجازت لازماً حاصل کرنا ہوگی:

**مارکیٹنگ۔** سسٹم کو کسی مصنوعہ یا سروس کی خریداری یا استعمال کے بارے میں آپ سے گفتگو کے لیے آپ کی صحت کی معلومات استعمال کرنے سے پہلے آپ کی تحریری اجازت درکار ہوگی، ماسوائے اس کے کہ آپ اور سسٹم کے درمیان یہ گفتگو روبرو ہو، یا سسٹم کی جانب سے آپ کو فراہم کردہ معمولی مالیت کے تشہیری تحفے پر مشتمل ہو۔ تاہم، درج ذیل صورتوں میں، پیشگی تحریری اجازت درکار نہیں ہوگی، تاوقتیکہ سسٹم آپ سے گفتگو کرنے کے عوض کسی فریقِ ثالث سے ادائیگی وصول کرے: (i) صحت سے متعلقہ فوائد اور خدمات؛ (ii) نشہ آور ادویات کی معلومات؛ اور (iii) متبادل علاج۔

**صحت کی معلومات فروخت کرنا۔** NYC Health + Hospitals تحریری اجازت کے بغیر آپ کی صحت کی معلومات فروخت نہیں کریں گے۔

**<u>اجازت درکار نہ ہونے پر صحت کی معلومات کے استعمالات اور افشائیگی</u>**

NYC Health + Hospitals کو درج ذیل صورتوں میں آپ کی صحت کی معلومات افشاء کرنے سے قبل آپ کی تحریری اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی:

**مرکز کی ڈائریکٹری۔** جہاں آپ داخل ہوں، اس ہسپتال کی مرکز کی ڈائریکٹری میں درج آپ کے بارے میں صحت کی مخصوص معلومات کا استعمال سسٹم کر سکتا ہے۔ صحت کی ان معلومات میں آپ کا نام، مرکز میں مقام، آپ کی عمومی حالت اور آپ کی مذہبی وابستگی کی معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔ *نوٹ:* آپ کی مذہبی وابستگی کے بارے میں صرف کلیسا یا کلیسا کے ارکان کو ہی آگاہ کیا جائے گا۔ اگر آپ چاہتے ہوں کہ سسٹم مرکز کی ڈائریکٹری میں صحت کی یہ معلومات شامل نہ کرے، تو آپ کو ان معلومات کی شمولیت پر اعتراض کرنے کا حق ہے، اور اس عمل کے لیے مرکز کے داخلے یا صحت کی معلومات کے نظم کے شعبے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**عطیاتی سرگرمیاں۔** سسٹم کے سہولیاتی اداروں اور صحت کی نگہداشت کے افعال کے عطیاتی مقاصد کے لیے آپ سے رابطے کے لیے، سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو استعمال یا افشاء کر سکتا ہے۔ NYC Health + Hospitals بھی انہی مقاصد کے لیے

**نفاذ کی تاریخ: 1 جنوری، 2020**

سسٹم سے متعلقہ فاؤنڈیشن یا کاروباری ملحقہ ادارے کے ساتھ آپ کی صحت کی معلومات کا اشتراک کر سکتا ہے۔ اس قسم کے رابطے کے عدم اختیار کے لیے، آپ ایک تحریری درخواست جمع کروا سکتے ہیں اور اسے ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ شعبے کو ارسال کر سکتے ہیں۔ آپ کی جانب سے عطیاتی ابلاغ کی عدم وصولی کے انتخاب کے باوجود آپ کو علاج یا کسی بھی دیگر سہولیت یا سروس کی فراہمی سے انکار نہیں کیا جا سکتا ہے۔

**تحقیق۔** اگر آپ کسی کلنیکل آزمائش میں شرکت کرتے ہیں، تو NYC Health + Hospitals آپ کی صحت کی معلومات کا استعمال یا اشتراک کرنے سے پہلے آپ کی تحریری اجازت طلب کریں گے۔ جو آپ کی رازداری کو لاحق کم سے کم خطرات کو یقینی بنائے، ایک ایسی خصوصی منظوری کا عمل بروئے کار لاکر، کسی تحقیقی تجزیے کے لیے، مخصوص صورتوں میں، آپ کی تحریری اجازت کے بغیر، سسٹم آپ کی صحت کی معلومات استعمال کر سکتا ہے۔ ایک تحقیق کار کسی بھی صورت میں تحقیقی تجزیے کی تیاری، تجزیے کے دوران، یا اس کے بعد، آپ کا نام یا شناخت عوامی سطح پر ظاہر نہیں کرے گا۔

**آپ کی نگہداشت یا آپ کی نگہداشت کی ادائیگی کے معاملات میں شامل افراد۔** ماسوائے اس کے کہ آپ کی جانب سے اعتراض کیا جائے، سسٹم آپ کی نگہداشت یا آپ کی نگہداشت کی ادائیگی کے معاملات میں شامل خاندان کے کسی بھی فرد یا دوست کو آپ کی صحت کی معلومات افشاء کر سکتا ہے۔

**وہ افراد جو آپ کی ایماء پر عمل کر سکتے ہیں۔** سسٹم آپ کی صحت کی معلومات آپ کے ذاتی نمائندے بشمول والدین یا سرپرست کو افشاء کر سکتا ہے۔

**صحت یا تحفظ کو لاحق سنگین خطرات سے گریز کے لیے۔** سسٹم حسبِ ضرورت، آپ کی معلومات کو آپ کی صحت اور تحفظ یا عوام یا دوسرے افراد کی صحت اور تحفظ کو لاحق سنگین خطرات سے بچانے کے لیے استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔

**فوج اور سابقہ فوجی۔** اگر آپ مسلح افواج کے رکن ہیں، تو سسٹم عسکری کمانڈ اتھارٹیز کے حکم پر آپ کی صحت کی معلومات افشاء کر سکتا ہے۔

**کارکنوں کا معاوضہ۔** سسٹم حسبِ ضرورت، آپ کی صحت کی معلومات کارکنوں کے تلافی کے معاوضے کے بورڈ یا اس جیسے دیگر پروگرامز کو افشاء کر سکتا ہے۔

**صحت عامہ کی سرگرمیاں۔** سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو صحت عامہ کے مقاصد، جیسے کہ کسی مرض کو پھیلنے سے بچانے کے لیے یا مخصوص طبی مسائل، پیدائش، اموات، بدسلوکی، غفلت، اور گھریلو تشدد کی رپورٹس وصول کرنے کے لیے استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔

**صحت کے مجموعی جائزے کی سرگرمیاں۔** قانون کی جانب سے اجازت یافتہ سرگرمیوں، بشمول آڈٹس، تفتیشی عمل، اور معائنوں کے لیے سسٹم صحت کے مجموعی جائزے کی ایجنسی کو فراہمی کے لیے آپ کی صحت کی معلومات استعمال یا افشاء کر سکتا ہے۔

**قانونی کارروائیاں۔** اگر آپ کسی مقدمے یا قانونی تنازعے میں ملوث ہیں، تو سسٹم عدالت یا انتظامی حکمنامے کے جواب میں آپ کی صحت کی معلومات افشاء کر سکتا ہے۔ عدالت میں پیشی، دریافت کی درخواست، یا تنازعے میں ملوث کسی اور فرد کی جانب سے دیگر قانونی عمل کے جواب میں سسٹم آپ کی صحت کی معلومات افشاء کر سکتا ہے، لیکن صرف اسی صورت میں کہ جب آپ کو درخواست کے بارے میں آگاہ کرنے یا درخواست کردہ معلومات کے تحفظ کا آرڈر حاصل کرنے کے لیے کوششیں کی گئی ہوں۔

**قانون کا نفاذ۔** سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو قانون کے نفاذ کے مقاصد کے لیے استعمال اور افشاء کر سکتا ہے، بشمول درج ذیل: (i) کسی مشتبہ، مفرور، حقیقی گواہ، یا گمشدہ فرد کی نشاندہی یا اس کا پتہ لگانے کے لیے؛ (ii) کسی جرم کا نشانہ بننے والوں سے متعلقہ حالات میں؛ (iii) ایسی اموات کی صورت میں جو ہمارے یقین کے مطابق مجرمانہ فعل کے باعث ہوئی ہوں؛ (iv) NYC Health + Hospitals کے مرکز میں رونما ہونے والے جرائم کی صورت میں؛ اور (v) ہنگامی صورت میں رونما ہونے والے جرم، جرم یا جرم کا نشانہ بننے والوں کا مقام، یا جرم کا ارتکاب کرنے والے فرد کی شناخت، کوائف یا جگہ کی اطلاع فراہم کرنے کے لیے۔

**موت۔** آپ کی وفات کے بارے میں سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو ایسے افراد کو مطلع کرنے، یا ان کی جگہ کی معلومات میں معاونت کے لیے استعمال اور افشاء کر سکتا ہے جنہیں قانون کی رو سے آپ کی ایماء پر عمل کرنے کا اختیار حاصل ہو، آپ کا ذاتی

نمائندہ ہو، یا آپ کی نگہداشت صحت سے متعلقہ کوئی بھی دیگر فرد ہو، ماسوائے تب جب ایسا کرنا آپ کی جانب سے پہلے تحریری طور پر دی گئی ترجیح یا ہدایت کے برعکس ہو۔

**ناگہانی موت کے طبی تفتیش کار، طبی معائنہ کار، جنازے کے ڈائریکٹرز اور اعضاء کے عطیات۔** سسٹم آپ کی معلومات کو ناگہانی موت کے طبی تفتیش کار، طبی معائنہ کار یا جنازے کے ڈائریکٹرز کو ان کے فرائض کی انجام دہی میں معاونت کے لیے حسبِ ضرورت استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔ سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو کسی عضو، آنکھ، اور بافت کے عطیے کے مقاصد کے لیے بھی استعمال اور افشاء کر سکتا ہے۔

**قدرتی آفات میں امداد۔** قدرتی آفات میں امداد پہنچانے کی کوششوں میں مدد کے لیے سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو قانونی طور پر یا دیگر حکام کی جانب سے اجازت یافتہ سرکاری یا نجی ادارے کو افشاء کرنے کے لیے استعمال کر سکتا ہے، جس کا مقصد آپ کے خاندان کے افراد، قریب ترین رشتے کے حامل، ذاتی نمائندے یا آپ کی نگہداشت پر مامور دیگر ذمہ دار فرد کے ساتھ باہمی رابطہ برقرار رکھنا ہے۔

**قومی سلامتی اور محکمہ سراغرسانی کی سرگرمیاں۔** سسٹم آپ کی صحت کی معلومات کو محکمہ سراغرسانی، محکمہ جوابی سراغرسانی اور قانون کی جانب سے اجازت یافتہ قومی سلامتی کی دیگر سرگرمیوں کے لیے مجاز وفاقی اہلکاروں کو افشاء کر سکتا ہے۔

**صدر اور دیگر افراد کے لیے حفاظتی خدمات۔** سسٹم مجاز وفاقی اہلکاروں کو آپ کی صحت کی معلومات افشاء کر سکتا ہے تا کہ وہ صدر، دیگر مجاز افراد، غیر ملکی سربراہانِ مملکت کو تحفظ فراہم کر سکیں، یا خصوصی تحقیقات انجام دے سکیں۔

## آپ کی صحت کی معلومات کے حوالے سے حقوق

سسٹم میں سنبھال کر رکھی ہوئیں آپ کی صحت کی معلومات کے حوالے سے آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

**رسائی اور نقل کے حصول کا حق۔** سائیکو تھیراپی کے نوٹس اور جاری طبی تحقیقی آزمائش سے متعلقہ معلومات کے بغیر، آپ کو اپنی صحت کی معلومات کی نقل تک رسائی اور اس کے حصول کا حق حاصل ہے۔ آپ کو اپنی پسند کے فارمیٹ (وضع) میں اپنے طبی ریکارڈز کی نقول کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔ اپنی صحت کی معلومات تک رسائی پانے یا اس کی نقل کے لیے گزارش کرنے کو براہِ کرم اپنی درخواست تحریری طور پر مرکز یا ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ کے شعبے (Health Information Management Department) میں جمع کروائیں۔ محدود حالات میں، سسٹم آپ کی صحت کی معلومات تک رسائی سے انکار کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے، اور ایسا ہونے کی صورت میں آپ کو انکار کی تحریری وضاحت، نیز اس فیصلے کے خلاف اپیل کا حق فراہم کرتا ہے۔ سسٹم طبی ریکارڈز کی نقول تخلیق کرنے کی لاگت پوری کرنے کے لیے مناسب فیس عائد کر سکتا ہے۔ درخواست کردہ معلومات ارسال کرنے سے پہلے کسی بھی پیشگی فیس کے بارے میں سسٹم کو آپ کو تحریری صورت میں مطلع کرنا ہو گا، یا اگر درخواست کردہ صحت کی معلومات بھیجنے میں کسی بھی وجہ سے تاخیر ہو جائے، یا اگر درخواست کردہ صحت کی معلومات بتائے گئے فارمیٹ میں فراہم نہ کی جا سکتی ہوں، تو سسٹم کو اس کے بارے میں آپ کو مطلع کرنا ہو گا۔

**ترمیم کا حق۔** اگر آپ کو محسوس ہو کہ سسٹم میں موجود آپ کی صحت کی معلومات درست یا مکمل نہیں ہیں، تو جب تک یہ معلومات سسٹم میں یا سسٹم کے لیے موجود رہیں، آپ جب چاہیں آپ کو یہ درخواست کرنے کا حق حاصل ہے کہ سسٹم آپ کی صحت کی معلومات میں ترمیم کرے۔ اپنی صحت کی معلومات میں ترمیم کی درخواست کے لیے براہِ کرم اپنی درخواست تحریری طور پر مرکز یا ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ شعبے میں جمع کروائیں۔ آپ کو ترمیم کے لیے اپنی درخواست کے ہمراہ لازماً ترمیم کی وجہ بھی بیان کرنا ہو گی۔ محدود صورتوں میں سسٹم آپ کی درخواست رد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کی درخواست مسترد ہو جائے، تو سسٹم لازماً آپ کو رد کیے جانے کی تحریری وضاحت فراہم کرے گا۔

**افشائیگی کی تفصیل کا حق۔** آپ کو "افشائیگی کی تفصیل" کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے جس میں ان عوامل کی فہرست ہوتی ہے کہ سسٹم نے آپ کی صحت کی معلومات کو کیسے افشاء کیا ہے۔ اس فہرست میں مخصوص افشائیگیاں شامل نہیں ہوتیں جیسے کہ آپ کے علاج، ادائیگی یا صحت کی نگہداشت کے افعال کے لیے اشتراک کردہ معلومات، یا آپ کی اجازت سے کی گئیں افشائیگی۔ افشائیگی کی تفصیل کی درخواست کے لیے براہِ کرم اپنی درخواست تحریری طور پر مرکز یا ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ کے شعبہ میں جمع کروائیں۔ آپ کی درخواست میں افشائیگی کی میعاد لازماً شامل ہونی چاہیے جو چھ سال سے زائد مدت

**نفاذ کی تاریخ: 1 جنوری، 2020**

کی نہ ہو، اور جس میں 14 اپریل 2003 سے پہلے کی کوئی تاریخ بھی شامل نہ ہو۔ 12 ماہ کی مدت میں آپ کی درخواست کردہ پہلی فہرست بلامعاوضہ دی جائے گی۔ اضافی فہرستوں کے لیے، سسٹم مناسب فیس عائد کر سکتا ہے۔

**محدود کرنے کی درخواست کا حق۔** آپ کو اپنی صحت کی ان معلومات کو محدود کرنے کی درخواست کا حق حاصل ہے جنہیں سسٹم علاج، ادائیگی یا صحت کی نگہداشت کے افعال کے لیے استعمال یا افشاء کرتا ہے۔ آپ کو صحت کی ان معلومات کو بھی محدود کرنے کی درخواست کا حق حاصل ہے جنہیں سسٹم آپ کی نگہداشت پر مامور کسی فرد کو افشاء کرتا ہے، جیسا کہ خاندان کا کوئی فرد یا دوست۔ اپنی صحت کی معلومات کو محدود کرنے کی درخواست کے لیے براہِ کرم اپنی درخواست تحریری طور پر مرکز یا ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ، داخلہ یا رجسٹریشن کے شعبہ ( Health Information Management, Admitting or Registration Department) میں جمع کروائیں۔ *سسٹم کے لیے آپ کی محدود کرنے کی درخواست سے متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔* تاہم اگر اتفاق ہو جائے، تو سسٹم آپ کی درخواست کی تعمیل کرے گا، بشرطیکہ آپ کو ہنگامی علاج کی فراہمی کے لیے صحت کی وہ معلومات درکار نہ ہوں۔

**متبادل ابلاغ کی درخواست کا حق۔** آپ کو اس درخواست کا حق حاصل ہے کہ سسٹم آپ سے طبی معاملات یا آپ کی صحت کی معلومات کے بارے میں کسی متبادل طریقے یا مقام پر بات چیت کرے۔ ابلاغ کے متبادل طریقوں کی درخواست کے لیے، براہِ کرم اپنی درخواست تحریری طور پر مرکز یا ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ کے شعبے میں جمع کروائیں۔ آپ کی درخواست میں یہ بات لازماً درج ہونی چاہیے کہ آپ کس طرح رابطہ کیے جانے کے متمنی ہیں۔ سسٹم آپ سے آپ کی درخواست کی وجہ دریافت نہیں کرے گا اور تمام معقول درخواستوں پر عمل کرے گا۔

**خلاف ورزی کی صورت میں نوٹس کا حق۔** اگر آپ کی صحت کی معلومات کا حصول، رسائی، استعمال یا اظہار ایسے طریقے سے کیا گیا ہو جو قانونی طور پر ممنوع ہو، یا جب سسٹم اس بات کا تعین کرے کہ آپ کی صحت کی معلومات کسی غیر مجاز فرد کے علم میں آ گئی ہیں (جسے "خلاف ورزی" کہتے ہیں)، تو آپ کو مطلع کیے جانے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ کی صحت کی معلومات کی خلاف ورزی رونما ہوجائے، تو آپ کو اس خلاف ورزی کے بارے میں تحریری طور پر، خلاف ورزی دریافت ہونے کے 60 دنوں کے اندر مطلع کر دیا جائے گا۔

**اس NPP کی کاغذی نقل کا حق۔** آپ کو کسی بھی وقت اس NPP کی نقل کے حصول کا حق حاصل ہے۔ آپ اس NPP کی نقل کو NYC Health + Hospitals کی ویب سائٹ https://www.nychealthandhospitals.org/ سے یا پھر مرکز یا ادارے کے صحت کی معلومات کے انتظامیہ، داخلہ یا رجسٹریشن کے شعبہ سے رابطہ کر کے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

**اجازت کی منسوخی کا حق۔** اگر آپ نے سسٹم کو اپنی صحت کی معلومات استعمال یا افشاء کرنے کی اجازت دے رکھی ہو، تو آپ کسی بھی وقت تحریری طور پر اس اجازت کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی اجازت منسوخ کرتے ہیں، تو سسٹم آپ کی تحریری اجازت میں اندراج شدہ مقاصد کے لیے آپ کی صحت کی معلومات استعمال یا افشاء نہیں کرے گا۔ سسٹم آپ کی اجازت کی بناء پر کی جانے والے گزشتہ افشائیگیوں کو واپس لینے کا اہل نہیں ہے۔

**شکایات۔** اگر آپ کے خیال میں آپ کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہے، آپ کی صحت کی معلومات کی غلط انداز میں رسائی، استعمال یا افشاء کیا گیا ہے، یا سسٹم کے رازداری کے طریقۂ کار کے حوالے سے آپ کو خدشات ہوں، تو براہِ کرم دفتر برائے کارپوریٹ کمپلائنس کے کارپوریٹ رازداری اور سکیورٹی افسر (Office of Corporate Compliance, Corporate Privacy and Security Officer ) سے بذریعہ ای میل CPO@nychhc.org رابطہ کریں، یا سسٹم کی ٹول فری کمپلائنس ہیلپ لائن (Compliance Helpline) 1-866-HELP-HHC پر اپنی شناخت ظاہر کیے بغیر یا خفیہ طور پر رابطہ کریں۔ آپ کو شعبہ برائے صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services) کے سیکرٹری کے پاس بھی شکایت جمع کروانے کا حق حاصل ہے۔ کوئی *شکایت جمع کروانے کے نتیجے میں آپ کو کسی قسم کی سزا کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔*